| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ا' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ "حرف 'ا' کی پہچان کرسکیں" اس کی آواز اس کے الفاظ کوئی سے دو بتاسکیں۔ | بچوں کو "حروف تہجی اُردو" کے نظم سنائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ا' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ا' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ا' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ا' ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ (ا) حروف تہجی کا پہلا حرف ہے بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ا' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ا' کے ذخیرہ الفاظ (انڈہ، انگور، انار، اناس، اخبار، امرود، انگوٹھی) کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے حرف 'ا' کے الفاظ بتائے جائیں گے۔<br>بچوں کو حرف 'ا' سے شروع ہونیوالی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کر اس کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید/تختہ سیاہ پر مختلف پھلوں کی تصاویر چپکائی جائیں گی اور باری باری ہر بچے کو بُلا کر حرف 'ا' سے شروع ہونے والے پھلوں کی نشاندہی کرنے کو کہا جائے گا بچوں کو حرف 'ا' کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ بچوں سے حرف 'ا' میں رنگ بھروایا جائے گا۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>سبق کے اختتام پر بچوں سے حرف 'ا' کا تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ا' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ا' کی پہچان کر سکیں اس کی آواز، اور اس سے شروع ہونے (کوئی سے دو الفاظ) بنا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔<br>بچوں کو حرف 'ا' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>تعارف: بچوں کو 'ا' سے شروع ہونے والی نظم سنائیے۔ (نظم)<br>ابولائے موٹر کار اس کے نیچے پہیے چار چابی سے وہ چلتی ہے پوں پوں کرتی ہے<br>ابولائے موٹر کار اس کے نیچے پہیے چار آگے جائے پیچھے جائے دائیں بائیں وہ موڑ جائے<br>حرف 'ا' سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تحریری نمونہ:** بچوں سے Salt Tray پر 'ا' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ا' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ا' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہیے کہ کتاب نمبر 4 کھولیے حرف 'ا' پر انگلی پھیریے اور 'ا' سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتائیے۔ 'ا' کی آواز کی دہرائی بار بار کروائیے۔ 'ا' سے انناس: پہلے چارٹ پیپر کو انناس کی شکل میں کاٹ لیں۔ سبز چارٹ پیپر پر کسی بچے کے ہاتھ کو بنا کر اس کو کاٹ لیں۔ یہ انناس کے پتوں کے طور پر استعمال ہوگا بچوں کو انناس ہاتھ کا پرنٹ دیا جائے گا بچوں سے پتے کو انناس پر چسپاں کرنے میں مدد کیجیے۔ | 10 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 4 | |
| | **اختتامیہ**<br>سبق کے اختتام پر بچوں سے حرف 'ا' کا تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>'ا' سے شروع ہونے والے کوئی سے دو پھلوں کی تصاویر اپنی کاپی میں چسپاں کریں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ا' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ا' کی پہچان کرسکیں' اس کی آواز، اور اس کے الفاظ (کوئی سے چار الفاظ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ا' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔'ا' کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ا' کی کہانی سنیں گے۔<br>آج اتوار کا دن ہے۔ ایمن کے ابو اخبار پڑھ رہے ہیں۔ ایمن کی امی الماری ٹھیک کرتے ہوئے ایمن کو بتا رہی ہیں کہ اپنے ہاتھ سے خود کام کرنے والا انسان اللہ کو بہت پسند ہے' ایمن کہتی ہے امی میں اپنی گڑیا کے کپڑے خود استری کروں گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو انار کی تصویر کی ورک شیٹ دی جائے گی بچوں سے پوچھیے انار کس رنگ کا ہوتا ہے؟ انگلی کی مدد سے انار میں رنگ بھرنے میں بچوں کی مدد کیجیے۔ بچوں سے انار کی ابتدائی آواز کے بارے میں پوچھیے۔<br>**اختتامیہ:**<br>سبق کے اختتام پر، بچوں سے حرف 'ا' کا تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>انار کی ورک شیٹ سرخ (پوسٹر کلر) | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ا' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ا' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ا' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ا' کی پہچان کر سکیں۔<br>اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے الفاظ (کوئی سے سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ا' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔'ا' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں 'ا' کے الفاظ پوچھیں جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ا' سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے امرود، اخبار اور انگوٹھی کی تصاویر دکھائی جائیں گی بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>'ا' کی لکھائی کی مشق: بچوں کو (پلے ڈو) دے کر 'ا' بنانے میں مدد کیجیے۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 5 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اس میں دی گئی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ طوطا کی ابتدائی آواز 'ا' کی ہے؟ بچوں کو 'ا' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ا' پر درست بناوٹ کے ساتھ پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>سبق کے اختتام پر بچوں سے حرف 'ا' کا تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>5 منٹ<br><br>20 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ 5 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ا' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ا' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | **دہرائی:**<br>بچوں کو'ا' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters پر حرف 'ا' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ا' پر پنسل پھیرنے کی مشق کرائی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>سبق کے اختتام پر بچوں سے حرف 'ا' کا تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر حرف 'ا' پر پنسل پھیریے۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | | |